فوری ریلیز کے لیے: 3/10/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے اکتوبر کو سائبر سیکیورٹی سے آگاہی کے مہینے کے طور پر نامزد کرنے کا باضابطہ اعلان کیا اور چھوٹے کاروباروں اور نیو یارک کے شہریوں کے لیے وسائل کو اجاگر کیا***

***"سائبر میں خود کو دیکھیں" تھیم تیزی سے رابطے میں آتی ہوئی دنیا میں سائبر سیکیورٹی کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے***

***اعلان یہاں پر پڑھیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اکتوبر کو سائبر سیکیورٹی سے آگاہی کے مہینے کے طور پر نامزد کرنے کا اعلان کیا۔ چونکہ نیویارک کے شہریوں کو سائبر سیکیورٹی کے بڑھتے ہوئے خطرات کا سامنا ہے، سائبر سیکیورٹی سے آگاہی کا مہینہ عوام کو سائبر سیکیورٹی کے معاملات میں شامل کرنے اور تعلیم دینے اور انہیں آن لائن محفوظ رہنے میں مدد کرنے کے لیے ٹولز اور وسائل فراہم کرنے کی مشترکہ ریاستی اور قومی کوششوں کا حصہ ہے۔

"چاہے آپ ایک نئے انٹرنیٹ صارف ہوں یا ٹیکنالوجی کے ماہر ہوں، جب بھی ہم آن لائن ہوتے ہیں تو سائبر حملے ہم سب کے لیے خطرہ بن جاتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس اکتوبر میں، ہم سائبر سیکیورٹی کے بڑھتے ہوئے خطرات سے جارحانہ انداز میں مقابلہ کرنے میں قوم کی رہنمائی کرتے ہوئے سرکاری اور نجی شعبوں کی تمام سطحوں پر نیویارک کے شہریوں کے لیے آگاہی پیدا کر رہے ہیں۔"

19ویں سالانہ سائبر سیکیورٹی آگاہی مہینے کا تھیم - "سائبر میں خود کو دیکھیں" - سائبر سیکیورٹی کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے اور افراد اور تنظیموں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ تیزی سے رابطے میں آتی ہوئی دنیا میں اپنی حفاظت کے لیے ضروری اقدامات کریں۔

**ریاست نیویارک کے چیف سائبر آفیسر Colin Ahern نے کہا،** "گورنر Hochul نے چیف سائبر آفیسر کا عہدہ اس لیے بنایا کیونکہ وہ ریاست کے سائبر سیکیورٹی کے ڈھانچے کو ابھرتے ہوئے خطرات سے بچانے اور ہمارے سائبر دفاع کو مضبوط بنانے کی اہمیت کو سمجھتی ہیں۔ مجھے اس کردار میں خدمات انجام دینے پر فخر ہے اور میں نیویارک کے اہم انفراسٹرکچر کو محفوظ اور مقابلہ کرنے والا بنانے کو یقینی بنانے کے لیے حکومت اور نجی شعبے کی تمام سطحوں پر تعلقات قائم اور استوار کرنے کے لیے پرعزم ہوں۔"

**ریاست نیو یارک کی ڈویژن آف ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کی کمشنرJackie Bray نے کہا،** "آپ کا ڈیجیٹل تحفظ ہمارے لیے اہم ہے۔ سائبر سیکیورٹی سے آگاہی کے اس مہینے میں، ہم میں سے ہر ایک کو خود کو اور اپنی تنظیموں کو محفوظ رکھنے کے لیے آسان اقدامات کرنے چاہئیں۔ ملٹی فیکٹر آتھنٹیکیشن کو فعال کریں اور مضبوط پاس فریزز استعمال کریں۔ اور جعل سازی سے بچاؤ کے لیے چوکس رہیں۔ گورنر Hochul اور ریاست میں ہم سب اس سال سائبر سیکیورٹی میں اہم سرمایہ کاری کر رہے ہیں، لیکن اس تحفظ تک پہنچنے کے لیے ہم سب کی ضرورت پڑے گی۔"

سائبر سیکیورٹی تمام تنظیموں کے لیے ایک بڑا مسئلہ ہے لیکن خاص طور پر ان کاروباروں کے لیے زیادہ مشکل ہوسکتی ہے جو اتنے بڑے نہ ہوں کہ ایک خصوصی چیف انفارمیشن سیکیورٹی آفیسر اور سائبر سیکیورٹی عملہ رکھ سکیں۔

غیر منافع بخش ادارے گلوبل سائبر الائنس (GCA, Global Cyber Alliance) کے ساتھ شراکت میں، ریاست کا محکمہ برائے مالیاتی خدمات چھوٹے کاروباروں کو مفت سائبر سیکیورٹی ٹول کٹ فراہم کرتا ہے تاکہ وہ خود کو اور اپنے صارفین کو بڑھتے ہوئے سائبر خطرات سے محفوظ رکھ سکیں۔ سائبر سیکیورٹی ٹول کٹ کے تحت آنے والے معاملات میں ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر کی شناخت، سائبر خطرات کے خلاف دفاع کو اپ ڈیٹ کرنا، پاس فریزز اور ملٹی فیکٹر آتھنٹیکیشن کو مضبوط کرنا، ڈیٹا کو بیک اَپ اور ریکور کرانا اور ای میل سسٹمز کی حفاظت شامل ہیں۔ چھوٹے کاروباروں کے لیے مفت سائبر سیکیورٹی ٹول کٹ اور DFS کی تیار کردہ سیمپل سائبر سیکیورٹی پالیسیاں DFS کی ویب سائٹ پر مل سکتی ہیں۔

**ریاست نیو یارک کی سپرنٹنڈنٹ برائے فنانشل سروسز Adrienne A. Harris نے کہا،** "افراد اور کاروبار سائبر صفائی کو بہتر بنانے کے لیے چھوٹے چھوٹے اقدامات کر سکتے ہیں جس کا مجموعی سیکیورٹی پر بڑا اثر پڑتا ہے۔ ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے مالیاتی خدمات کا جاری کردہ ملک کا پہلا، سائبر سیکیورٹی ضابطہ، صارفین اور کاروباری اداروں کو فنانشل سروسز کمپنیوں سے سائبر سیکیورٹی کنٹرولز، جیسے ملٹی فیکٹر آتھنٹیکیشن، کو لاگو کرنے کو ضروری بنا کر تحفظ فراہم کرتا ہے۔"

اس سال کے تھیم کا مقصد افراد اور تنظیموں کو اس بات کو سمجھنے کی ترغیب دینا ہے کہ وہ سائبر اسپیس کے اپنے حصے کی حفاظت میں کیا کردار ادا کریں۔ اگر ہر کوئی اپنا کردار ادا کرے - مضبوط حفاظتی طریقوں کو نافذ کرنا، کمیونٹی میں آگاہی پیدا کرنا، کمزور سامعین کو آگاہی دینا اور ملازمین کو تربیت دینا - تو باہم جڑی ہوئی دنیا سب کے لیے محفوظ اور مقابلہ کرنے کی زیادہ صلاحیت سے لیس ہوگی۔

**ریاست نیویارک کے چیف انفارمیشن آفیسر Angelo 'Tony' Riddick نے کہا،** "سائبر سیکیورٹی ہماری اولین ترجیح ہے۔ گورنر Hochul کی قیادت اور حکومت کی تمام سطحوں پر ہمارے شراکت داروں کا شکریہ، جن کے باعث نیویارک سائبر خطرات سے نمٹنے کے لیے پہلے سے زیادہ تیار ہے۔ ہم سب کو مل کر کام کرنا چاہیے اور نیویارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنے کے لیے فعال اقدامات اٹھانے چاہئیں۔"

**ریاست نیویارک کے چیف انفارمیشن سیکیورٹی آفیسر Chris DeSain نے کہا،** "یہ ضروری ہے کہ ہر فرد اپنے ڈیجیٹل فوٹ پرنٹ کے تحفظ میں سرمایہ کاری کرتا رہے۔ ٹیکنالوجی پر ہمارے بڑھتے ہوئے انحصار کے ساتھ رازداری، سالمیت اور دستیابی کو ایک نیا خطرہ لاحق ہے۔ لہذا، ہم سب کو اس خطرے سے نمٹنے کے لیے اپنے کردار کو سمجھنا چاہیے۔ ہر سال سائبر سیکیورٹی سے آگاہی کا مہینہ 'سائبر صفائی' کے اچھے طریقوں پر توجہ مرکوز کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جو صارفین کو اپنی شناخت، ڈیوائسز اور معلومات کی حفاظت میں مدد فراہم کریں گے۔"

**ریاست نیو یارک کی پولیس کے سپرنٹنڈنٹ Kevin P. Bruen نے کہا،** "قانون نافذ کرنے والے اداروں کو آن لائن ٹیکنالوجیز میں جدت کے ذریعے مسلسل مشکلات کا سامنا رہتا ہے جن کا استعمال مجرمانہ عناصر، عوام سے چوری کرنے یا حساس معلومات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے کرتے ہیں۔ جبکہ ہماری سائبر سیکیورٹی کے لیے خطرات بڑھتے جارہے ہیں، ہمیں باہمی تعاون کے ساتھ، سائبر حملوں سے خود کو بچانے کے لیے متحرک رہنے کی ضرورت ہے۔ ریاستی پولیس نیویارک کے شہریوں کی حفاظت کے لیے ہمارے قانون نافذ کرنے والے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرنے اور خطرات کا مقابلہ کرنے اور ان کا جواب دینے میں زیادہ مؤثر ہونے کے لیے پرعزم ہے۔"

سائبر سیکیورٹی سے آگاہی کے مہینے میں ہر ہفتے ایک مختلف موضوع پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے:

- سائبر صفائی کے بنیادی طریقوں کو سمجھنا اور ان پر عمل درآمد کرنا، بشمول مضبوط پاس فریزز کی تخلیق، ملٹی فیکٹر آتھنٹیکیشن کا استعمال، سافٹ ویئر اَپ ڈیٹ کرنا اور ڈیٹا کو بیک اپ کرنا۔
- جعل سازی کی کوششوں کو پہچاننا اور رپورٹ کرنا، چاہے وہ ای میل، ٹیکسٹ میسجز یا چیٹ باکسز کے ذریعے کی جائیں۔
- افراد کو بااختیار بنانا کہ وہ نہ صرف محفوظ آن لائن رویہ اپنائیں بلکہ سائبر سیکیورٹی میں کیریئر بنا کر ہماری آن لائن دنیا کو محفوظ بنانے کے مشن میں شامل ہونے پر بھی غور کریں۔
- اس بات کو یقینی بنا کر سائبر سیکیورٹی کو کاروباری ترجیح بنانا کہ مصنوعات اور پروسیسز "ڈیزائن کے لحاظ سے محفوظ" ہیں اور انٹرنیٹ سے منسلک نئی ڈیوائسز خریدتے وقت سائبر سیکیورٹی پر غور کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

ITS بھی کنڈرگارٹن سے لے کر 12ویں جماعت کے بچوں کے لیے ایک ریاست گیر سائبر سیکیورٹی پوسٹر مقابلہ کروانے کے لیے انتظامی رابطہ کاری کر رہا ہے، جو اساتذہ کے لیے تفریحی اور معلوماتی انداز میں بچوں کو آن لائن محفوظ رکھنے پر توجہ مرکوز کرنے کا ایک بروقت موقع ہے۔ اس میں پوسٹر جمع کروانے کی آخری تاریخ 16 دسمبر 2022 ہے۔ ریاست نیویارک کے فاتحین کو ITS کی ویب سائٹ پر دکھایا جائے گا اور وہ ملٹی اسٹیٹ انفارمیشن شیئرنگ اینڈ اینالیسس سینٹر کے زیر اہتمام قومی مقابلے میں حصہ لیں گے۔ اس کے علاوہ ایجنسی عوام کو متعدد مفت وسائل فراہم کرتی ہے، بشمول سائبر سیکیورٹی آگاہی ٹول کٹ, جس میں سائبر سیکیورٹی کے تھیم کے پوسٹرز، کیلنڈرز، بروشرز اور دیگر مواد شامل ہیں جنہیں سائبر سیفٹی تھیمز کو عملی، معلوماتی، تفریحی اور قابل استعمال طریقوں سے فروغ اور تقویت دینے میں مدد کے لیے ڈاؤن لوڈ اور شیئر کیا جاسکتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے ITS CISO ویب سائٹ ملاحظہ کریں، ایجنسی کو ٹویٹر (ٹیگ #NYSCyber) اور فیس بک پر فالو کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418